**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 258**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد 7 ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپر صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 25 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15۔ منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# ہوم سائنس (تھیوری)

# HOME SCIENCE (Theory)

## (Urdu Version)

مقررہ وقت : ۳ گھنٹے | کل نمبر: ۷۰

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 70*

## عام ہدایات:

(i) سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) سوالوں کی مجموعی تعداد 25 ہے۔

(iii) سوال نمبر 1 سے 6 تک کا ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب ایک یا دو لائینوں میں دیجیے۔

(iv) سوال نمبر 7 سے 13 تک کا ہر سوال 2 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 10 سے 20 لفظوں میں دیجیے۔

(v) سوال نمبر 14 سے 15 ہر سوال 3 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 20 سے 30 لفظوں میں دیجیے۔

(vi) سوال نمبر 16 سے 21 تک کا ہر سوال 4 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 40 لفظوں میں دیجیے۔

(vii) سوال نمبر 22 سے 25 ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 50 سے 60 لفظوں میں دیجیے۔

(viii) مثالوں کی مدد سے اپنے جواب لکھیے جن سوالوں میں مثالیں دینا ضروری ہیں۔

**1.** ترقی اور نشو ونما/افزائش میں دو فرق لکھیے۔ 1

**2.** ایک حاملہ عورت جو شوگر کی مریض ہے اس کے لیے کوئی دو کھانے کی چیزوں کا مشورہ دیجیے۔ 1

**3.** چھ: ماہ کی عمر کے بے بی فراک میں 'لے' لانے کے دو طریقے دکھائیے۔ 1

**4.** پانی پینے کے قابل بنانے کے لیے دو تکنیکیں بتائیے۔ 1

**5.** ایک شخص کے جسم پر سیدھی لائینوں کے کسی بھی دو اثرات کی پہچان کیجیے۔ 1

**6.** ڈاک خانے کی ریکرنگ ڈپوزٹ (Recurring Deposit) اسکیم کی کوئی دو خصوصیات لکھیے۔ 1

**7.** بارہ سال کا بچّہ کن چار طریقوں سے اپنے کھانے کے رویے میں تبدیلی لا سکتا ہے۔؟ 2

**8.** 'کلچر ایک نو بلوغیت (Adolescent) کی پہچان کو شکل دیتا ہے'۔ دو مثالیں دے کر اس قول کو تفصیل سے بیان کیجیے۔ 2

9۔ ’ایم۔جی۔این۔آر۔ای۔جی۔اے‘ (MGNREGA) کی پوری شکل (فارم) لکھیے۔ آمدنی بڑھانے کے اس پروگرام کی دو خاص خصوصیات لکھیے۔ 2

10۔ شریمتی کمار کو اپنے بیٹے کو سنبھالنا بے حد مشکل لگ رہا ہے، جس نے اچانک علیحدگی کی تلاش اور اس پر لگائی گئی پابندیوں پر ناپسندیدگی شروع کر دی ہے۔ شریمتی کمار کو مشورہ دیجیے کہ وہ اپنے بیٹے کے ساتھ کیسے خاص رشتہ بنائیں۔ 2

11۔ چار ایسے طریقے بتائیے جس سے ہوم سائنس کی معلومات آپ کو آپ کی روزمرہ کی زندگی میں مدد کرتی ہیں۔ 2

12۔ ’دھبّہ‘ کی تعریف بتائیے۔ دھبّہ چھڑانے کے لیے کوئی دو طریقے بتائیے۔ 2

13۔ کوئی دو عام ری ایجینٹس (Reagents) بیان کیجیے جو ونیتا کپڑے دھوتے وقت کپڑوں کی چمک و تازگی کو بحال کرنے میں مدد کے لیے استعمال کر سکتی ہے۔ 2

14۔ دھونے، سکھانے اور استری کرنے سے متعلق ایک سلی سلائی ہرے رنگ کی پولیسٹر کی قمیض کے لیے ایک Care label بنا کر دکھائیے۔ 3

15۔ 'بچت کی سرمایہ کاری عقلمندی سے کرنی چاہیے'۔ اپنے والد کو ایک ٹھوس سرمایہ کاری (Sound investment) کے لیے کوئی تین اصول مثالوں کے ساتھ بتائیے۔ 3

16۔ کویتا کو روزانہ کے خرچ کی ڈائری بنائے رکھنے کی عادت نہیں ہے۔ اس کو ایسا نہیں کرنے سے کون سی چار مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس کو ڈائری کے روزانہ کے خرچ کا حساب کتاب (رکارڈ) رکھنے کے لیے ایک فارمیٹ کا مشورہ دیجیے۔ 4

17۔ آپ کی ماں 250 لیٹر کا دو دروازے والا فریج خریدنا چاہتی ہیں۔ ان کو یہ فیصلہ کرنا مشکل لگ رہا ہے کہ وہ اس کو شوروم سے خریدیں یا آن لائین (انٹرنیٹ) کے ذریعے خریدیں، دونوں طریقوں سے فریج خریدنے کے کوئی دو فائدے اور کوئی دو نقصان بتا کر ان کی فیصلہ لینے میں مدد کریں۔ 4

18۔ کھانے کی آلودگی کی کوئی چار وجوہات لکھیے۔ باورچی خانے (کچن) میں صفائی کے لیے اپنے کینٹین کے باورچی کو کیا چار گائیڈ لائینیں دیں گے۔؟ 2+2=4

19۔ آپ کی سہیلی نے جو شہد مقامی بیچنے والے (لوکل وینڈر) سے خریدا تھا۔اس کا مزہ اچھا نہیں تھا۔اس کی ممکن وجہ کیا ہوسکتی ہے۔اس ملاوٹ کی موجودگی کے جانچ کے طریقے کو بیان کیجیے۔ملاوٹی شہد کو خریدنے سے بچنے کے لیے آپ کی سہیلی کو کون سی چار احتیاطیں برتنی چاہئیں۔

4

20۔ کپڑے کے چناؤ (انتخاب) کو فیشن اور آمدنی کیسے متأثر کرتی ہے۔دونوں کی دو دو مثالیں دے کر سمجھائیے۔ 4

21۔ اپنی سہیلی کو انوریکسیا نروسا (Anorexia Nervosa) کے چار اسباب اور چار نتیجے بتائیے 4

22۔ ریڈیمیڈ (سلی سلائی) ریشمی شلوار قمیض کی کاریگری جاننے کے چھ: نکات (پوائنٹ) کی فہرست بنائیے۔اسے اسٹور کرتے وقت آپ کیا چار احتیاطیں برتیں گے۔؟ 3+2=5

23۔ فیملی آمدنی (Family Income) اصطلاح سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔؟ 1+3+1=5

(a) فیملی آمدنی کے سبھی تین جزو (حصوں) کو مناسب مثالیں دے کر سمجھائیے۔

(b) اپنی فیملی آمدنی کو بڑھانے کے دو طریقے لکھیے۔

**24۔** آپ کی کام کرنے والی کا چھ مہینے کا بچہ ہے۔اس کو اپنے بچے کی صحت اورنشو ونما کے لیے غذائیت والی خوراک کی ضرورت کے بارے میں اور خاص طور سے ماں کے دودھ پلانے کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔ Complementary Feeding کے لیے کسی چار مقررہ غذائی سفارشوں کا مشورہ دیں۔ *1+2+2=5*

**25۔** آج کل حکومت نے بڑھاپے کے گھر (Old Age) بنانے کی پہل کی ہے۔ایک Old age home میں کیا ضروری چھ : سہولتیں ہونی چاہئیں؟۔ Old age home میں رہنے کے دو فائدے اور دو نقصان بتائیے۔ *5*